سماجی اِنصاف

جہاں اِنسان کا تعلق اپنے پیدا کرنے والے کے ساتھ ہوتا ہے وہاں اس کا رشتہ دوسرے اِنسانوں کے ساتھ بھی ہوتا ہے۔ جیسے ماں باپ کا رشتہ، بہن بھائی کا رشتہ محلّے والوں سے رشتہ، شہر والوں سے رشتہ اور ملک والوں سے رشتہ۔

اِن رشتوں کے کچھ حقوق بھی ہیں یہ حقوق بہت اہم ہیں۔ جب یہ ادا نہیں کیے جاتے تو سماجی نا اِنصافی کا آغاز ہوتا ہے۔ معلوم ہوا کہ ان حقوق کی ادائگی کا دوسرا نام سماجی اِنصاف ہے۔ اچھے لوگ اور اچھی قومیں وہی سمجھی جاتی ہیں جو حقوق کی ادائگی یا سماجی اِنصاف پر یقین رکھتی ہیں۔ جہاں سماجی انصاف ہوتا ہے وہاں امن و امان کی فضا پائی جاتی ہے اور کسی قسم کا فتنہ و فساد اور ہنگامہ آرائی دیکھنے میں نہیں آتی۔ جب لوگ آرام سے رہتے ہیں اور سب کی فلاح و بہبود میں کوشاں رہتے ہیں۔ جب یہ صورت ہوتی ہے تو وہ ملک اور وہ قومیں دن دونی رات چوگنی ترقی کرتی ہیں۔ اس طرح بھائی چارے کی فضا اور خوشحالی ان کا مقدر بن جاتی ہے۔

اگر سماجی انصاف کا پورا پورا خیال رکھا جائے اور اس پر عمل کیا جائے تو یقیناً معاشرے کو تمام برائیوں سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ دراصل سماجی انصاف معاشرے کی جان ہے۔ اگر یہ جان ہی نکل جائے تو پھر معاشرے میں رہ ہی کیا جاتا ہے؟ معلوم ہوا کہ ہر اچھے اور ستھرے معاشرے کے لیے سماجی انصاف ایک لازمی چیز ہے۔

سوالات

۱— سماجی اِنصاف کا کیا مطلب ہے؟

۲— سماجی نا انصافی کا آغاز کیسے ہوتا ہے؟

پیر

1-4-19 CW

سبق: سماجی انصاف — 1st-04-19

س: سماجی انصاف کا کیا مطلب ہے؟

مل کر

انسان معاشرے میں مختلف لوگوں سے مل کر رہتا ہے جیسے ماں باپ، بہن بھائی وہاں ان کا رشتہ دوسرے انسانوں سے بھی ہوتا ہے۔ جیسے ماں باپ کا رشتہ ہے۔ محلے داروں کا رشتہ، شہر والوں کا رشتہ۔ ان رشتوں کے کچھ حقوق بھی ہیں۔ جو بہت اہم ہیں۔ ان حقوق کو پورا پورا اور بغیر کسی کمی کے ادا کرنا سماجی انصاف کہلاتا ہے۔

س2: سماجی ناانصافی کا آغاز کیسے ہوتا ہے؟

انسان جب معاشرے میں دوسرے لوگوں کے حقوق اور ذمہ داریاں ادا نہیں کرتا تو معاشرے میں سماجی ناانصافی کا آغاز ہوتا ہے۔